7718 ـ نماز جمعہ کے لیے نمازیوں کی تعداد

سوال

نماز جمعہ لازم ہونے کے لیے کم از کم نمازیوں کی تعداد کتنی ہے، میں نے اس موضوع کے متعلق مختلف آراء سنی ہیں:
بعض لوگ کہتے ہیں کہ: چالیس نمازی ہونے لازم ہیں، لیکن کچھ دوسرے بھائی کہتے ہیں کہ دو نمازی ہوں، اور ایک اور کہتا ہے کہ دو شخص جماعت بن جاتے ہیں، کیا آپ اس معاملے کی وضاحت کر سکتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فتوی کمیٹی سے مندرجہ ذیل سوال کر کے فتوی مانگا گیا:

نماز جمعہ صحیح ہونے کے لیے کتنے لوگ ہونے ضروری ہیں، کیونکہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ چالیس اشخاص نہ ہوں تو جمعہ صحیح نہیں، اگر چالیس سے کم ہوں تو وہ نماز ظہر ادا کرینگے ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

مسلمانوں پر جمعہ کے روز بستیوں اور دیہاتوں میں نماز جمعہ کا انعقاد کرنا واجب ہے، اس کے صحیح ہونے کے لیے جماعت کی شرط ہے، اس میں کسی معین تعداد کی کوئی شرعی دلیل نہیں ملتی، نماز جمعہ کے صحیح ہونے کے لیے تین یا تین سے زیادہ اشخاص کا ہونا کافی ہے، جس شخص پر نماز جمعہ واجب ہو اس کے لیے چالیس سے کم تعداد ہونے کی بنا پر نماز ظہر ادا کرنی جائز نہیں، علماء کرام کا صحیح قول یہی ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .